آئی جی محکمہ جیل خانہ جات کی غفلت، لاپرواہی برتنے والے افسران واہلکاران کے خلاف سخت کاروائی

لاہور(   ) آئی جی محکمہ جیل خانہ جات، پنجاب نے فرائض میں غفلت، لاپرواہی اور دیگر سنگین نوعیت کی بدعنوانیوں میں ملوث افسران وملازمین کو محکمہ سے فارغ کر دیا۔آئی جی میاں فاروق نذیر نے مسلسل غیر حاضری پر متعدد ملازمین کے خلاف سخت تادیبی کاروائیاں کرتے ہوئے نوکری سے فارغ کر دیا۔

محمد نعمان زاہد چیف وارڈر سنٹرل جیل ڈیرہ غازی خان محمد وقاص اختر چیف وارڈر سنٹرل جیل بہاولپور کو بھرتی ہونے کے بعد متعلقہ جیل پر حاضر نہ ہونے پر انضباطی کاروائی کرتے ہوئے نوکری سے برخاست کر دیا۔عباد علی مسعود ہیڈ کلرک ڈسٹرکٹ جیل مظفر گڑھ کی دوران ڈیوٹی غفلت اور کوتاہی کا مرتکب ہونے پر سالانہ ترقی بند کر دی گئی جبکہ عامر علی اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل جہلم کو آئندہ محتاط رہنے کہ تنبیہ کی گئی۔اسجد خان سابقہ وارڈر سنٹرل جیل میانوالی، حافظ محمد جاوید سابقہ وارڈر ڈسٹرکٹ جیل لاہور کو اپنی ڈیوٹیوں سے مسلسل غیر حاضری پر نوکری سے برخاست کر دیا۔جبکہ چاند مسیح سابقہ خاکروب ڈسٹرکٹ جیل وہاڑی کی اپیل پر نظر ثانی کرتے ہوئے نوکری پر بحال کر دیا اور متعلقہ سپرنٹنڈنٹ جیل کو دوبارہ انکوائری کرنے کا حکم صادر فرمایا۔

آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں فاروق نذیر نے ہدایات جاری کرتے ہوئے تمام افسران واہلکاران کو کہا ہے کہ وہ اپنے فرائض منصبی، محنت، لگن وجانفشانی کے ساتھ سرانجام دیں۔انہوں نے مزید کہا کہ محکمے میں کرپشن فرائض کی ادائیگی میں غفلت قطعی طور پر برداشت نہیں کی جائے گی۔

میڈیا کوآرڈینیٹر
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات،
پنجاب، لاہور

تطہیری نمبری/   مورخہ

کاپی برائے اطلاع:-

1. ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشن، پنجاب، لاہور
2. تمام اُردو/انگریزی قومی روزنامہ جات اورالیکٹرانک میڈیا۔

میڈیا کوآرڈینیٹر
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات،
پنجاب، لاہور